دفتر، چیف پبلک ریلیشنز آفیسر

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## ملک سب سے پہلے مہم کی حمایت میں 'راشٹریہ پرتھم' منانے کے لیے جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ترنگا ریلی نکالی

New Delhi, May 13, 2025

عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ، پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے نوجوانوں سے ملک کے لیے خود کو وقف کرنے اور غیر متزلزل حب الوطنی کی اپیل کرتے ہوئے وزارت تعلیم کے زیر اہتمام اعلی تعلیمی اداروں میں ملک سب سے پہلے مہم کی حمایت میں 'راشٹریہ پرتم' منانے کے لیے آج بڑی ترنگا ریلی نکالی۔ جامعہ برادری کی جانب سے یہ ریلی ہندوستانی مسلح افواج اور قومی سیکوریٹی ایجنسیوں کے تئیں مضبوط اور پختہ حمایت کا استعارہ ہے۔

پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی نے جامعہ کے شان دار سینٹیری گیٹ سے شروع اور ڈین ،اسٹوڈینٹس ویلفیئر (ڈی ایس ڈبلیو) کے سبزہ زار ختم ہونے والی ریلی کی سربراہی کی۔

عزت مآب وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی فیصلہ کن قیادت کی ستائش کرتے ہوئے جن کی سرپرستی میں ہندوستان کی مسلح افواج اور سیکوریٹی ایجنسیوں نے دہشت گردی کے خلاف پرزور پیغام دیا ہے، شیخ الجامعہ پروفیسر مظہر آصف نے کہا کہ" ہماری سرحدوں کی حفاظت اور قومی سیکوریٹی کے تحفظ کے لیے جامعہ، ہندوستانی مسلح افواج کی غیر معمولی ہمت اور ان کے حوصلے کو سلام ہے۔ ہمارے بہادر سپاہیوں کے اعزاز میں آج کی ترنگا ریلی منعقد کی جارہی ہے اور آپریشن سندور کی ابتدا سے اب تک سرکار کی طرف سے جس لچک اور اعتدال کا مظاہرہ کیا گیا ہے ہم اس کے لیے انھیں سلام پیش کرتے ہیں۔ سب سے بڑی بات یہ ہے، ہم یہاں آج اس مقصد سے اکٹھا ہوئے ہیں کہ ملک کو سب سے مقدم جاننے اور ماننے کا عہد لیں"۔

اس موقع پر حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی نے کہا کہ" آپریشن سندور ہماری مسلح افواج کی صرف ہمت و حوصلے اور یقین و اعتماد کی مثال نہیں ہے بلکہ ملک کی خاطر یہ ہر ہندوستانی کی بے شمار محبت اور تعاون کا بھی غیر معمولی اظہار ہے۔ جس طرح پورا ملک حکومت اور سیکوریٹی افواج کی حمایت اور ان کی تائید میں کھڑا ہے وہ غیر معمولی ہے۔ پہلگام میں ہوئے گھناؤنے دہشت گردانہ حملوں کی شدید مذمت کرنے والوں میں جامعہ پہلی مرکزی یونیورسٹیوں میں شامل تھی اور اس نے حملے میں اپنی جانیں گنوانے والوں کے اہل خانہ کے تئیں اظہار تعزیت کرتے ہوئے ان کی یاد میں چھبیس درخت لگائے تھے۔ آج کی ترنگا ریلی 'نیشن فرسٹ' کی روح کو برقرار رکھنے کے سلسلے میں ہماری غیر مشروط تائید کی توثیق ہے کیوں کہ ہم یہاں ملک کی

خدمت اوراس کے لیے خود کو پابند عہد بنانے کے مقصد سے جمع ہوئے ہیں۔''

ڈینز،صدورشعبہ جات،مراکز کے ڈائریکٹرز، جامعہ کے عہدیداران،فیکلٹی اراکین ،شعبہ باغبانی کے اراکین، صفائی اکائی سے وابستہ اسٹاف اور جامعہ کے نیشنل کیڈٹ کارپس (این سی سی ) اور نیشنل سروس اسکیم (این ایس ایس ) کے ونگز کے ساتھ انتظامی اسٹاف نے 'راشٹریہ پرتھم' کی پرزورحمایت کے حصے کے طور پر ترنگا ریلی میں بڑی تعداد میں شرکت کی۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

چیف،تعلقات عامہ افسر،

جامعہ ملیہ اسلامیہ